پرشاد پروڈکشنز کا

सुसराल

اداکاران

راجندر کمار۔ بی سروجا دیوی

شوبھا کھوٹے۔ واسطی

بپن گپتا۔ محمود

للتا پوار

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سُسرال گانے

گانا نمبر ۱

ایک سوال میں کروں ایک سوال تم کرو
ہر سوال کا سوال ہی جواب ہو
پیار کی بیلا ساتھ سجن کا پھر کیوں دل گھبرائے
نیہر سے گھر جانے والی دلہن کیوں نیناں چھلکائے
ہے معلوم کہ جانا ہو تو دنیا ایک سرائے
پھر کیوں جاتے وقت مسافر روئے اور رلائے
چاند کے ماتھے داغ ہے پھر کیوں چاند کو لاج نہ آئے
اُس کا گھٹتا بڑھتا چہرہ کیوں سندر کہلائے
کاجل سے نینوں کی شمع کیوں دگنی ہو جائے
گورے گورے گال پہ کالا تل کیوں من کو بھائے
اُجیالے میں جو پرچھائی پیچھے پیچھے آئے
وہی اندھیرا ہوتے ہی پھر کیوں چھپ جائے
سکھ میں کیوں گھیرے رہتے ہیں اپنے اور پرائے
بُری گھڑی میں کیوں ہر کوئی بچ کے بھی کترائے
کس کے چھونے سے مٹی بھی سونا ہو جائے
کس کا سایا پڑے تو دولت مٹی میں مل جائے
محنت کش مٹی کو چھولے تو سونا ہو جائے
ہاتھ لگا کاہل کا مٹی میں مل جائے

گانا نمبر ۲

تیری پیاری پیاری صورت کو

کبھی کی نظر نہ لگے - چشم بد دور
مکھڑے کو چھپا لو آنچل میں
کہیں میری نظر نہ لگے - چشم بد دور
یوں نہ اکیلے پھرا کرو ہیں کی نظر سے ڈرا کرو
پھول سے زیادہ نازک ہو تم چال سنبھل کر چلا کرو
زلفوں کو گرا لو گالوں پر موسم کی نظر نہ لگے
ایک جھلک جو پا تا ہے راہی وہیں رک جاتا ہے
دیکھ کے تیرا روپ سلونا چاند بھی سر کو جھکاتا ہے
دیکھا نہ کرو تم آئینہ کہیں خود کو نظر نہ لگے
دل میں چھپی وہ تیر ہو تم چاہت کی تقدیر ہو تم
کون نہ ہو گا جس پہ دیوانہ پیار بھری تصویر ہو تم
نکلا نہ کرو تم راہوں میں نظروں کی نظر نہ لگے

گانا نمبر ۳

جاناں تمہارے پیار میں شیطان بن گیا ہوں
کیا کیا بنا چاہا تھا بے ایمان بن گیا ہوں
ہم تو دیوانے ہیں تیرے نام کے
دِل لٹا بیٹھے ہیں جگر تھام کے
عشق نے ہم کو نکما کر دیا
ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے
اتنا میں گر چکا ہوں کہ حیوان بن گیا ہوں
اب تو بس ایک پتھر کی تصویر ہوں
یا سمجھ لو ایک بت بے پیر ہوں
اپنے پیروں میں بندھ گئی جو پیار میں
ایسی ایک الجھی ہوئی زنجیر ہوں

حالت کو اپنی دیکھ کے حیران بن گیا ہوں
کیا کیا نہ بنا چاہا ہے

گانا نمبر ۳

کیا مل گیا ہائے کیا کھو گیا
مجھے میرے بالم یہ کیا ہو گیا
ہم کھو گئے ہائے تم کھو گئے
محبت کی راہوں میں دل کھو گئے
یہ خوشیوں کے پیالے چھلکتے چلیں گے
ہواؤں کے آنچل مہکتے چلیں گے
نئے راستے خود بخود کھل چلیں گے
جدھر سے بھی ہم تم بہکتے چلیں گے
بہاروں سے سفر یہ شروع ہو رہا ہے
نئے اک زمانے کی وہ ابتدا ہے
کہیں تم کبھی تم بھلا نہ دو گے
دھڑکتا ہوا دل میرا یہ پوچھتا ہے
ہر ایک بات گیتوں میں ڈھلنے لگی ہے
تم اپنی ان آنکھوں کا جادو تو دیکھو
کہ دنیا میری بدلنے لگی ہے

گانا نمبر ۵

سن لے میری پائلوں کے گیت ساجنا
آ بلا رہی ہے میری پریت ساجنا
وہ حسین چاند رات یاد کر
تو نے جو کہی تھی بات یاد کر
وعدہ جو پیار کا کیسے دل بھلا

تو بھی پہلی ملاقات یاد کر
جو بھی شام آئی دل دھڑکا گئی
کتنی بار چاندنی جلا گئی
کر سکے کوئی جتن اب تو آجائیں
کیا بہار جب تلک نہ آئے تو
چاند کیا اگر نہ مسکرائے تو
موری پائل عمر تڑپے جانِ جگر
جب تلک ٹوٹ کر نہ آئے تو ۔ بس —

گانا نمبر ۶

اپنی الفت پہ زمانے کا نہ پہرہ ہوتا
تو کتنا اچھا ہوتا ... تو
پیار کی رات کا کوئی نہ سویرا ہوتا ... تو
پاس رہ کر بھی بہت دور بہت دور رہے
ایک بندھن میں بندھے
پھر بھی تو مجبور رہے
میری راہوں میں نہ الجھن کا اندھیرا ہوتا — تو
دل ملے آنکھ ملی پیار نہ ملنے پائے
باغباں کہتا ہے دو پھول نہ کھلنے پائے
اپنی منزل کو جو کانٹوں نے نہ گھیرا ہوتا
عجب سلگتی ہوئی لکڑیاں ہیں یہ دنیا والے
ملے تو آگ اگل دے کٹے تو دھواں کرے
اپنی دنیا میں بھی سکھ چین کا پہرہ ہوتا ... تو

گانا نمبر ۷

یہ البیلا طور نہ دیکھا تم سا کوئی اور نہ دیکھا

حسن کا یہ زور نہ دیکھا
دلا یار لٹ گئے ہم تو نظر ملا کے
ہم اگر ہم کو اس حال میں پہچانتے
تو ہم آپ کی بانکی نظر کو مانتے
میرا فسانہ پتہ یا ٹھکانا اگر پوچھتے جانتے

یہ جیون کا ساتھ لیکن جدا ہو جائیں گے
ان ویرانوں میں اک بار پھر کھو جائیں گے
سنگ میں گزارے جو دن پیارے پیارے
سدا ہم کو یاد آئیں گے
اک بھولی ہوئی بسری ہوئی پہچان ہوں
اک ٹوٹا ہوا کچلا ہوا ارمان ہوں
میں نے یہ مانا کہ میں ہوں دیوانہ
مگر ایک انسان ہوں

یہ البیلا

گانا نمبر ۵

سنا لے اے جہاں نہ کھولیں گے زباں
سنیں تیرے کبھی تو بے اثر ہی جائیں گے
پکارو لاکھ تم نہ پھر لوٹیں گے ہم
کہ ہم بھی راہ کی اس دھول میں کھو جائیں گے
جلن دل کی تو کتنی ہے
کہ میں اٹھ جاؤں محفل سے
مگر امید دامن کو
میرے چھوڑے گی مشکل سے

تھکے ہارے ہیں ہم جاں توڑے گا دم
بجھکے سینے انگاروں کی چپ ہو جائیں گے
غنائے اے جہاں۔
کسی کے پیار کا چنچل اشارہ یاد آتا ہے
بے کل کی بات وہ ہر ہر نظارہ یاد آتا ہے
میرا دل توڑ کر وہ ہوں گے بے خبر
تھی کس کو یہ خبر وہ کیا سے کیا ہو جائیں گے
غنائے اے جہاں۔

ختم شد

شہادت کی کتابیں اور جنگ نامے

ذکر الشہادتین ۔/۱/۱	فاطمہ کا لال ۔/۱/۲
مجموعہ شہادت ۔/۱۲/۔	فاطمہ کا چاند ۔/۱/۲
سیدہ کا کال ۔/۱/۱	جنگ نامہ ہلن ۔/۸/۔
آمنہ کا لال ۔/۱/۱	جنگ نامہ خیبر ۔/۶/۔
شہادت نامہ زینب مع مرثیہ ۔/۶/۔	شہیدان کربلا ۔/۱/۱
شہادت نامہ کلاں ۔/۶/۔	جنگ نامہ کربلا ۔/۱/۱
۔ ۔ خورد ۔/۳/۔	جنگ نامہ حضرت علی ۔/۱۲/۔
مجموعہ مرثیہ جات ۔/۱/۱	سیدہ کی بیٹی ۔/۸/۲
روایت شریف ۔/۶/۔	پیام صغرا ۔/۳/۔

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور میکنیک

دستکاری اور

ہنر سکھانے والی کتابیں

- الیکٹرک گائڈ 4/-/-
- زرکشی گائڈ 4/-/-
- موٹر گائڈ 4/-/-
- کروڈ انجن 5/-/-
- تیل عطر سازی 2/-/-
- گھڑی سازی 2/8/-
- ریڈیو گائڈ 4/-/-
- صابون سازی 1/8/-
- وشکرما درشن 6/-/-
- الیکٹرک وائرنگ 4/-/-
- خراد شکشا 3/-/-
- آئل انجن گائڈ 5/-/-
- مکمل درزی خانہ ہر حصہ 4/-/-
- تمباکو کی دکان 2/-/-
- بوٹ پالش بنانا 2/8/-
- سینما مشین اپریٹر 4/-/-
- دھوپ اگربتی بنانا 1/8/-
- کپڑے رنگنے کا ہنر 2/-/-
- مکمل فوٹوگرافی 2/8/-
- روشنائی سازی 2/-/-
- خوبصورت بنو 1/8/-
- شیشہ سازی کار 2/-/-
- اچار مربے چٹنی 1/8/-
- باورچی خانہ 2/8/-
- مجموعہ فالنامہ 1/-/-
- تجربہ گائیڈ 4/-/-
- جنتری پیمائش جیب 1/4/-
- کپڑے دھونے کا ہنر 2/-/-
- کاشتکاری باغبانی 4/-/-
- صنعت و حرفت کے قیمتی راز 3/-/-
- خفیہ راز 3/-/-
- بیکری بسکٹ بنانا 2/-/-
- بغیر بجلی کے ریڈیو بنانا 1/8/-
- آسان انگلش ٹیچر 2/-/-

سر گنگا رام پاکٹ بک 1/-/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)